## کراچی کے شہری ہر قیمت پر پرامن رہیں، صبر وتحمل اور ضبط وبرداشت سے کام لیں۔الطاف حسین

## ایم کیوایم کے کارکنان امن کیلئے تمام سیاسی ومذہبی جماعتوں اور تمام قومیتوں سے بات کریں

## کراچی میں رہنے والی تمام قومیتوں سے اپیل کرتا ہوں کہ وہ بھی شہر کے امن کیلئے اتحاد کا مظاہرہ کریں اور سب ہاتھوں میں ہاتھ ڈال کر امن قائم کریں۔عوام کے نام وڈیو پیغام

## کراچی میں امن ہوگا تو پاکستان میں امن ہوگا۔کراچی کی خوشحالی سندھ دھرتی اور پاکستان کی خوشحالی ہے۔الطاف حسین

## دہشت گردوں کے حملوں سے شہر بھر میں قصبہ کالونی جیسی صورتحال پیدا نہ ہواور بچوں کو فاقے نہ کرنے پڑیں اسلئے عوام سے راشن جمع کرکے رکھنے کی اپیل کی تھی۔الطاف حسین

## متاثرہ علاقوں میں امن قائم کرنے پر ڈی جی رینجرز، تمام افسروں اور جوانوں کا شکریہ ادا کرتا ہوں۔الطاف حسین

لندن:۔۔۔4 اگست 2011ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے ایم کیوایم کے کارکنان اور حق پرست عوام سمیت کراچی کے تمام شہریوں سے کہا ہے کہ وہ اللہ تعالیٰ کی ذات پر بھروسہ رکھیں، ہر قیمت پر پرامن رہیں، صبر وتحمل اور ضبط وبرداشت سے کام لیں اور امن کیلئے تمام سیاسی ومذہبی جماعتوں اور تمام قومیتوں سے بات کریں اور سب ملکر کراچی میں امن قائم کریں۔انہوں نے یہ بات آج عوام کے نام ایک وڈیو پیغام میں کہی۔اپنے وڈیو پیغام میں جناب الطاف حسین نے کہا کہ میں نے دوروز قبل عوام سے اپیل کی تھی کہ وہ ایک ماہ کا راشن جمع کرکے رکھ لیں، اس کی بنیادی وجہ یہ تھی کہ جب گزشتہ دنوں قصبہ کالونی میں کٹی پہاڑی پر سے دہشت گرد حملے کررہے تھے تو علاقہ مکینوں کے گھروں میں کھانے پینے کی چیزیں ختم ہوگئیں تھیں اور کئی گھرانے ایسے تھے کہ جن میں معصوم بچوں کو پینے کیلئے دودھ تک نصیب نہیں ہوا۔جب سرجانی ٹاؤن میں گھروں پر حملے ہورہے تھے، گھروں اور دکانوں کو آگ لگائی جارہی تھی، احسن آباد میں افروز ٹیکسٹائل مل پر حملہ کرکے ملازمین کی ڈیڑھ سو سے زائد موٹر سائیکلوں کو جلا دیا گیا اور لوگوں کو بچانیوالا کوئی نہ تھا۔لہٰذا اس خطرے کے پیش نظر کہ اگر ان دہشت گردوں نے اپنی دہشت گردی کا دائرہ شہر کے دیگر علاقوں تک بڑھا دیا تو نجانے کن کن علاقوں میں قصبہ کالونی جیسی صورتحال ہواور بچوں کو فاقے کرنے پڑیں اسلئے میں نے عوام سے اپیل کی کہ وہ راشن جمع کرکے رکھ لیں۔جناب الطاف حسین نے کہا کہ خدا کا شکر ہے کہ دہشت گردی سے متاثرہ علاقوں میں رینجرز پہنچ گئی اور اس نے امن قائم کیا جس پر میں ڈی جی رینجرز اور رینجرز کے تمام افسروں اور جوانوں کا شکریہ ادا کرتا ہوں۔جناب الطاف حسین نے کہا کہ اب جبکہ رینجرز کراچی کے متاثرہ علاقوں میں کارروائی کررہی ہے لہٰذا شہریوں کو اللہ تعالیٰ پر بھروسہ کرنا چاہیے۔انہوں نے ایم کیوایم کے کارکنان اور حق پرست عوام سے اپیل کی کہ وہ ہر قیمت پر پرامن رہیں، صبر وتحمل اور ضبط وبرداشت سے کام لیں اور امن کیلئے تمام سیاسی ومذہبی جماعتوں اور تمام قومیتوں سے بات کریں اور قیام امن کیلئے کوششیں کریں۔جناب الطاف حسین نے کراچی میں رہنے والی تمام قومیتوں سے اپیل کی کہ وہ بھی کراچی کے امن کیلئے اتحاد کا مظاہرہ کریں اور سب ملکر ہاتھوں میں ہاتھ ڈال کر کراچی میں امن قائم کریں۔کراچی میں امن ہوگا تو پاکستان میں امن ہوگا۔کراچی کی خوشحالی سندھ دھرتی اور پاکستان کی خوشحالی ہے۔جناب الطاف حسین نے امید ظاہر کی کہ جس طرح رینجرز نے گزشتہ روز متاثرہ علاقوں میں کارروائی کی اسی طرح وہ شہر کے ہر متاثرہ علاقے میں فوری طور پر پہنچیں گے اور شہریوں کی جان ومال کا تحفظ کریں گے تاکہ شہریوں میں تحفظ کا احساس پیدا ہواور شہر میں پائیدار امن قائم ہو۔

## میں نے جو کچھ کہا تھا مہاجروں کی قربانیوں کا مذاق اڑانے والوں اور انہیں لعن طعن کرنے والوں کے متعلق کہا تھا۔الطاف حسین کی وضاحت

## پوری سندھی قوم خصوصاً ان تمام قوم پرستوں اور دانشوروں سے جن کی میری بات سے دل آزاری ہوئی، ان سے صدق دل سے معذرت چاہتا ہوں۔الطاف حسین

## ہوسکتا ہے میں اپنے خیالات کی صحیح ترجمانی نہیں کرسکا یا پھر بعض سندھی قوم پرست اور دانشور میری بات کی روح اور گہرائی کو نہ سمجھ سکے

## سندھ میری دھرتی ماں ہے اور پاکستان میرا وطن۔میں شاہ لطیفؒ کا ماننے والا ہوں اور امن واستحکام کی خاطر ہر قربانی دینے کیلئے تیار ہوں

لندن۔۔۔4 اگست 2011ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے گزشتہ روز ذمہ داران کے اجلاس سے اپنے خطاب کے بارے میں ایک وضاحتی بیان میں کہا ہے کہ گزشتہ روز میں نے اپنی تقریر میں ان عناصر کو مخاطب کیا تھا جو پاکستان بنانے کی جدوجہد میں لاکھوں جانوں کی قربانی دینے والے اردو بولنے والے مہاجروں اور پنجابی بولنے والے مہاجروں کے بارے

میں کھلم کھلا لعن طعن کر رہے ہیں۔ میں نے جو کچھ کہا تھا مہاجروں کی قربانیوں کا مذاق اڑانے والوں اورانہیں لعن طعن کرنے والوں کے متعلق کہا تھا لیکن ہوسکتا ہے میں اپنے خیالات کی صحیح طور پر ترجمانی نہیں کرسکا یا پھر بعض سندھی قوم پرست اور دانشور میری بات کی روح اور گہرائی کو نہ سمجھ سکے۔ بہرحال میں اس بحث کو مزید آگے بڑھانے کے بجائے پوری سندھی قوم خصوصاً ان تمام قوم پرستوں اور دانشوروں سے جن کی میری بات سے دل آزاری ہوئی ، میں سندھ دھرتی کا باشندہ ہونے کے ناطے ان سے صدق دل سے معذرت چاہتا ہوں۔ جناب الطاف حسین نے کہا کہ میرا جینا مرنا سندھ دھرتی کے ساتھ ہے،سندھ میری دھرتی ماں ہے اور پاکستان میرا وطن ہے۔ میں شاہ لطیف بھٹائیؒ کا ماننے والا ہوں اور امن واستحکام کی خاطر ہر قربانی دینے کیلئے تیار ہوں۔

## لیاری میں عمارت گرنے کے متعدد افراد کی ہلاکت اور زخمی ہونے پر الطاف حسین کا اظہار افسوس

لندن۔۔۔4،اگست 2011ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے لیاری کے علاقے بغدادی موسیٰ لین میں عمارت گرنے کے نتیجے میں ملبے تلے دب کر متعدد افراد کی ہلاکت اور زخمی ہونے پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے۔ایک تعزیتی بیان میں جناب الطاف حسین نے ہلاک ہونے والے افراد کے سوگوار لواحقین سے دلی تعزیت و ہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے انہیں صبر کی تلقین کی اور کہا کہ مجھ سمیت ایم کیوایم کے تمام کارکنان آپ کے غم میں برابر کے شریک ہیں۔انہوں نے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحومین کو جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اور سوگواران کو یہ صدمہ برداشت کرنے کا حوصلہ عطا کرے اور زخمیوں کو جلد ومکمل صحت کاملہ اجل عطا فرمائے۔

## ایم کیوایم کے کارکنان سے رابطہ کمیٹی کا اظہارِ تعزیت

کراچی:۔۔۔4اگست،2011ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے ایم کیوایم ٹنڈو الہ زون یونٹ C-1 کے کارکن سلیم احمد کی بھابھی محترمہ چمن بیگم،سرجانی ٹاؤن سیکٹر یونٹ تیسر ٹاؤن کے ہمدرد محمد عمران اور ایم کیوایم کورنگی سیکٹر یونٹ 77 کے کارکن بابر علی کے والد سیّد علی کے انتقال پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے۔ایک تعزیتی بیان میں رابطہ کمیٹی نے مرحومین کے تمام سوگوار لواحقین سے دلی تعزیت و ہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحومین کو جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اور سوگواران کو صبر جمیل عطا کرے۔(آمین)

## ماہِ رمضان میں بجلی کی لوڈشیڈنگ کا سلسلہ فی الفور بند کروایا جائے،حیدرعباس رضوی

کراچی۔۔۔اگست 2011ء

قومی اسمبلی میں متحدہ قومی موومنٹ کے ڈپٹی پارلیمانی لیڈر حیدرعباس رضوی نے کہا ہے کہ ماہِ رمضان کے دوران کراچی سمیت ملک بھر میں بجلی کی طویل غیر اعلانیہ لوڈشیڈنگ کا سلسلہ فی الفور بند کرایا جائے اور شہریوں کو سحری اور افطار کے اوقات میں لوڈشیڈنگ کے عذاب سے نجات دلائی جائے۔اپنے ایک بیان میں انہوں نے کہا کہ ماہِ رمضان کے مقدس مہینے میں بھی بجلی کی طویل دورانیہ لوڈشیڈنگ کا سلسلہ جاری ہے جس کے باعث شہریوں کو سخت پریشانیوں کا سامنا ہے۔انہوں نے کہا کہ کراچی الیکٹرک سپلائی کمپنی کو تیل وگیس کی وافر مقدار میں فراہمی اور احتجاجی ملازمین کی جانب سے احتجاج ختم کرنے کے باوجود لوڈشیڈنگ کے دورانیے میں اضافہ اس بات کا ثبوت ہے کہ ادارے کی انتظامیہ شہر میں بجلی کی فراہمی میں مکمل طور پر ناکامی کی طرف جارہی ہے۔انہوں نے کہا کہ ماہِ رمضان میں لوڈشیڈنگ کا دورانیہ کم کرنے کے حکومت کے دعوؤں کے باوجود 14 سے 18 گھنٹے لوڈشیڈنگ روز کا معمول ہے جبکہ بعض علاقوں میں کئی کئی دن سے بجلی غائب ہے جس کے باعث شہری روزے کی حالت میں شدید گرمی میں بلبلارہے ہیں اور سراپاء احتجاج ہیں۔انہوں نے مزید کہا کہ طویل لوڈشیڈنگ نے شہریوں کو پہلے ہی ذہنی مریض بنادیا ہے اور وہ بجلی کی مد میں بھاری بل جمع کرواکر بھی بجلی کی سہولت سے محروم ہیں۔انہوں نے کہا کہ ایک جانب بجلی کی طویل دورانیہ لوڈشیڈنگ کا سلسلہ جاری ہے جس نے نہ صرف شہری زندگی مفلوج کر کے رکھ دی ہے بلکہ بجلی کی لوڈشیڈنگ سے صنعتی وتجارتی سرگرمیاں میں بھی شدید متاثر ہیں جبکہ دوسری طرف ہر ماہ بجلی کے نرخوں میں ہوشرباء اضافہ دیکھنے میں آرہا ہے جس کی جتنی بھی مذمت کی جائے کم ہے۔حیدرعباس رضوی نے صدر پاکستان آصف علی زرداری،وزیراعظم پاکستان سید یوسف رضا گیلانی سے مطالبہ کیا کہ ماہِ رمضان کے مقدس مہینے میں بجلی کی لوڈشیڈنگ کا نوٹس لیا جائے ،شہریوں کو لوڈشیڈنگ کے عذاب سے نجات دلائی جائے اور نرخوں میں اضافہ واپس لیا جائے۔

## روزنامہ نوائے وقت کراچی کے چیف رپورٹر یوسف خان کے انتقال پر متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی کے رکن انچارج واسع جلیل نے ان کی رہائش گاہ جاکر سوگوار لواحقین سے قائد تحریک جناب الطاف حسین کی جانب سے تعزیت کی

کراچی:۔۔۔4اگست، 2011ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی کے رکن اور ایم کیوایم کے مرکزی شعبہ اطلاعات کے انچارج واسع جلیل، نے گزشتہ روز روزنامہ نوائے وقت کراچی کے چیف رپورٹر کے یوسف خان کے انتقال پر ان کی رہائش گاہ جاکر ان کے سوگوار لواحقین سے ملاقات کی اور مرحوم کے انتقال پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا اور قائد تحریک جناب الطاف حسین کی جانب سے تعزیت کی۔اس موقع پر ایم کیوایم کے مرکزی شعبہ اطلاعات کے رکن عبدالقدس ان کے ہمراہ تھے۔انہوں نے مرحوم کی حق پرستانہ خدمات کو سراہاتے ہوئے قائد تحریک جناب الطاف حسین کی جانب سے انہیں خراج تحسین پیش کیا اور کہا کہ مرحوم کے انتقال سے صحافت کے شعبے میں جو خلا پیدا ہوا ہے وہ کبھی پر نہیں کیا جاسکتا ہے اور مرحوم کی خدمات کو کبھی فراموش نہیں کیا جاسکتا ہے۔بعدازاں انہوں نے مرحوم کی مغفرت اور ان کے بلند درجات کیلئے دعا بھی کی۔

## قائد تحریک الطاف حسین کی جانب سے متحدہ قومی موومنٹ راولپنڈی زون کے زیر اہتمام اسلام آباد میں سلائی سنٹر کا افتتاح کیا، غریب خواتین میں مفت سلائی مشینیوں کی تقسیم

## متحدہ قومی موومنٹ سیاست برائے خدمت پر یقین رکھتی ہے، فرسودہ جاگیردارانہ نظام میں غریب ومتوسط طبقہ کے عوام آج بھی مہنگائی، بے روزگاری، صحت، تعلیم اور دیگر بنیادی مسائل کا شکار ہیں۔انچارج صوبائی تنظیمی کمیٹی

راولپنڈی۔۔۔04اگست 2011ء

قائد تحریک الطاف حسین کی جانب سے متحدہ قومی موومنٹ راولپنڈی زون کے زیر اہتمام ایم کیوایم کی صوبائی تنظیمی کمیٹی کے انچارج الطاف زیدی اور ایم کیوایم راولپنڈی زون کے انچارج زاہد ملک نے اسلام آباد کے سیکٹر جی ایٹ میں واقع مسکین کالونی میں سلائی سنٹر کا افتتاح کیا، اس موقع پر جوائنٹ انچارج میتن خان، اراکین زونل کمیٹی شیخ قصر، نگہت سٹیفین باجی، متحدہ سوشل فورم کے رکن اسٹیفین برناڈ پادری، ضلع اسلام آباد کے انچارج یاسر علی، ذمہ داران، کارکنوں اور خواتین کی کثیر تعداد بھی موجود تھی۔اس موقع پر ایم کیوایم کی صوبائی تنظیمی کمیٹی کے انچارج الطاف زیدی نے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ متحدہ قومی موومنٹ سیاست برائے خدمت پر یقین رکھتی ہے، فرسودہ جاگیردارانہ نظام میں غریب ومتوسط طبقہ کے عوام آج بھی مہنگائی، بے روزگاری، صحت، تعلیم اور دیگر بنیادی مسائل کا شکار ہیں۔انہوں نے کہا کہ جب تک ملک سے فرسودہ جاگیردارانہ نظام اور موروثی سیاست کا خاتمہ نہیں ہوگا، اس وقت تک ملک وقوم کو ترقی وخوشحالی کے راستے پر گامزن نہیں کیا جاسکتا۔زونل انچارج زاہد ملک نے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ فرسودہ نظام کی تبدیلی کیلئے قربانیاں دینا پڑتی ہیں اور ایم کیوایم موروثی سیاست کی قائل نہیں ہے بلکہ متحدہ قومی موومنٹ مظلوم عوام کی نمائندہ جماعت ہے جس کی تاریخ قربانیوں سے عبارت ہے۔انہوں نے کہا کہ ہم بندوق کے زور پر کسی کو بھی کراچی پر قبضہ کرنے نہیں دیں گے۔انہوں نے کہا کہ جناب الطاف حسین تمام قومیتوں کے درمیان اخوت، محبت اور پیار کی باتیں ہی نہیں کررہے ہیں بلکہ تمام سیاسی و مذہبی جماعتوں سے امن کی بھیک مانگ رہے ہیں۔انہوں نے کہا کہ اگر ایم کیوایم دہشت گرد جماعت ہوتی تو اس بات کا جواب دیا جائے کہ اس کے ہزاروں بے گناہ کارکنوں کو کس نے شہید کیا ہے۔دریں اثناء اس موقع پر غریب خواتین میں مفت سلائی مشینیں بھی تقسیم کی گئیں۔

☆☆☆☆☆